© rasailojaraid.com

# خلیجی جنگ کے دوران میں بائبل کی تقسیم

کولمبو میں قائم "سنٹر فار اسلامک سٹڈیز" کے خبرنامہ "گائیڈ" (Guide) کی اطلاع کے مطابق خلیجی جنگ کے دوران میں سعودی عرب اور کویت میں بائبل کے ۵۶۸۰۰۰ نسخے تقسیم کیے گئے ہیں۔ ان نسخوں کی جلد پر ایسی کوئی علامت نہیں جس سے ظاہر ہو کہ یہ بائبل ہے بلکہ اس کے برعکس جلد پر دی گئی اطلاعات سے یہ تاثر ملتا ہے جیسے یہ کوئی ہدایت نامہ ہے جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی سنٹرل کمانڈ کے "آپریشن ڈیزرٹ سٹارم" کے سلسلے میں جاری کیا گیا ہے۔

جلد کے اندر "تحفہ من جانب..." اور "تحفہ برائے..." کے الفاظ چھپے ہوئے ہیں۔ ان دنوں یہ نسخے خلیجی جنگ میں اس سرزمین پر امریکیوں کی موجودگی کے حوالے سے یادگار کے طور پر ایک شخص سے دوسرے کو منتقل ہو رہے ہیں۔ (گائیڈ، کولمبو۔ اگست تا اکتوبر ۱۹۹۱ء)



© rasailojaraid.com